Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ شعبان المعظم سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۹ دسمبر سنہ ۱۹۳۳ء جلد ۴۵

حصۂ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	ممانعت پیشی اپیل دویم بہ جوڈیشل کمیٹی ۔	۲
(۲)	معافی قصور یوسف علیخان عرف پیارے خان ۔ (سابق کمپاؤنڈر دفتر صدر شفاخانہ) برخاست شدہ	〃
(۳)	انتظام کام سلسلۂ روانگی بمقام لکھنؤ و ڈیہرہ دون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم	۳
(۴)	قائمی سلسلۂ ملازمت کشوری لال جوہری ۔	۳
(۵)	رخصت سکنڈ لفٹننٹ حمید اللہ خان صاحب انفنٹری	۴
(۶)	اجازت استفادہ تعطیل یوم جمعہ جناب صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر ۔	〃
(۷)	رخصت اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بہادر	〃

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

روبکار :-

واقع ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ رپورٹ مناسب ہے۔

مسلسلہ رخصت مسٹر جسٹس ارشاد اللہ خان بہادر بذریعہ روبکار مجریہ ۱۵ ستمبر ۱۹۳۳ء حکم صادر کیا گیا تھا کہ ہائی کورٹ میں ایک جج کی کمی ہے۔ مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری بہادر کے بحیثیت سول جج مقدمات فیصل شدہ کا اپیل دوم دو ججوں کے مواجہ میں سماعت ہو سکتا ہے۔ وہ اپنے فیصل کردہ مقدمہ کی سماعت نہیں کریں گے۔

لہذا دو ججوں کے اجلاس میں پیش ہونے کی بابت دشواری ہے۔ ایسے مقدمات کا اپیل دوم جوڈیشل کمیٹی کے اجلاس میں سماعت کیا جائے۔

اب چونکہ مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر کا تقرر جج ہائی کورٹ پر ہو گیا ہے اس لئے مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری بہادر کے فیصل شدہ مقدمات کی اپیلوں کی سماعت ہائی کورٹ میں باقی دو جج کر سکتے ہیں لہذا ایسے اپیل دوم ہائی کورٹ میں پیش ہوں۔ جوڈیشل کمیٹی میں پیش ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ جو مقدمات اپیل دوم کے جوڈیشل کمیٹی میں زیر سماعت ہوں وہ ہائی کورٹ کو واپس کر دیئے جائیں

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حسب منشائے حکم ہمایون سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۹ دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط فاضل صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-

واقع ۲ دسمبر ۱۹۳۳ء

مرزیہ و ضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معطوفہ عرضی یوسف علی خان عرف پیارنخان ساکن محلہ تھانہ روڈ (سابق تحویلدار دفتر صحت و شفاخانہ برخاست شدہ) بابتہ معافی قصور مع تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر و صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس مرسلہ صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر بلحاظ کیفیت برخاستگی عرضیگذار

بموجب رپورٹ - یوسف علی خان عرف پیارنخان عرضی گذار کے قصور کی معافی عطا کیجاتی ہے۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

حسب منشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲ دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط فاضل صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار

واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

مابدولت و اقبال ۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء کو شب میں بعزم لکھنؤ نہضت فرمائے لکھنؤ ہونگے۔ اور ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی شب کو مراجعت ہوگی

صاحب چیف منسٹر بہادر صاحب پولٹیکل منسٹر بہادر۔ صاحب ملٹری سکرٹری بہادر۔ کپتان امتیاز حسین۔ اسٹاف سرجن، مابدولت و اقبال کے ہمرکاب جائینگے۔

ہماری عدم موجودگی میں حسب ذیل انتظام رہیگا۔

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام صاحب فائنانس منسٹر بہادر اور صاحب پولٹیکل منسٹر بہادر کا کام صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر انجام دیں گے۔

(۳) صاحب فائنانس منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ اجلاس ہمایوں کے وہ کاغذات جنہیں کوئی خاص اہمیت نہ ہو "باقی آرڈر" لکھکر اپنے دستخط سے جاری کر دیا کریں

(۴) صاحب فائنانس منسٹر بہادر شبانہ روز خاص باغ اور صاحب ہاؤس ہولڈ بہادر شبانہ روز قلعہ میں رہینگے

(۵) زنانہ کے متعلق جملہ امور کا انتظام صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے سپرد رہیگا

(۶) اگر ہماری غیر موجودگی میں کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو جملہ منسٹر صاحبان بہادر موجودہ رامپور باہم مشورہ کر کے طے کریں جو امر بعد مشورہ طے ہوگا۔ اُس کی تعمیل مثل حکم مابدولت و اقبال کے متصور ہوگی۔

(۷) ٹیلیفون پر قلعہ اور خاص باغ میں خاص طور پر انتظام رکھا جائے۔

(۸) بعد مراجعت رامپور مابدولت و اقبال ۱۱ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی صبح کو ڈیرہ دون نہضت فرما ہونگے اور ۱۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی صبح کو مراجعت ہوگی۔ جملہ صاحبان مندرجہ بالا ہمرکاب جائیں گے اور جملہ انتظامات مثل ۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء کے ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک ایک نقل روبکار ہذا کی جملہ منسٹر صاحبان بہادر سکرٹری صاحبان بہادر افسران صیغہ جات کونسل خاندان اور بنک کو بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل درج گزٹ ہو

۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم

واقع ۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بابت عائد شدہ حکم منظوری قائمی سلسلہ ملازمت مسمی کشوری لال چوہری ناشر دوا پچاس روپیہ جو ۱۶ر مئی ۱۹۳۳ء کو تخفیفاً برخاست ہوا تھا اور ۳ر جولائی ۱۹۳۳ء سے جواہر خانہ میں سابقہ جگہ پر تقرر ہوا ہے (ایگزیکٹو آرڈر یوم لاز سٹی جلد ۱۰)

بموجب رپورٹ کشوری لال چوہری کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے۔ ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- واقع ۸ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر
صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے منظوری
رخصت دس یوم سکنڈ لفٹنٹ حمید اللہ خاں
گارڈز ہسٹر ذرٹ رامپور رضا انفینٹری
۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء بغرض روانگی لکھنؤ۔

حسب رپورٹ سکنڈ لفٹنٹ حمید اللہ خاں کی دس یوم کی رخصت
۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء سے منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات برائے
کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے
احکام کاغذات ہذا خدمت میں جناب صاحب آرمی منسٹر بہادر
کے برائے کارروائی ضابطہ بنشائے حکم ہمایوں مرسل ہوں

۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء　　(دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم :- واقع ۸ر دسمبر ۱۹۳۳ء

ظہری تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر
موسومہ صاحب فائنانس منسٹر بہادر
باستدعائے اجازت تعطیل یوم الجمعہ
(۸ر دسمبر ۱۹۳۳ء) بغرض روانگی بیرونجات
بکار ضروری

قبل ازیں اجلاس ہمایوں سے صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر کی
ایک یوم ۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء کی رخصت اتفاقیہ اور ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء
کی تعطیل کی اجازت مرحمت ہو چکی ہے۔ اب حسب استدعائے
۸ر دسمبر ۱۹۳۳ء یوم جمعہ سے بھی استفادہ کی اجازت
دیجاتی ہے کاغذات برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہوں

۸ر دسمبر ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر

باقی آئندہ

حکم :- واقع ۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

(موصولہ مطبع ۸ر دسمبر ۱۹۳۳ء بوقت ۵ بجے شام)

مزید عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے
منظوری رخصت اتفاقیہ ایک یوم (۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء)
و اجازت یوم تعطیل (۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء) مطلوبہ
صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر بضرورت روانگی
دہلی حسب رپورٹ صاحب فائنانس منسٹر بہادر۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر کی ۹ر دسمبر ۱۹۳۳ء
کی اتفاقیہ رخصت منظور۔ اور یوم تعطیل سے استفادہ کی
اجازت ہے۔ کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر
کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض کارروائی بنشائے حکم۔ خدمت میں صاحب فائنانس منسٹر بہادر
کے مرسل ہو۔ ۲ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۵ر دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر